Alberta

خبروں کا اعلامیہ

البرٹا میں نئے آنے والے بے مثال لوگوں کا جشن منانا

12اکتوبر، 2023

البرٹا کی حکومت بیرون ملک پیدا ہونے والے 31 البرٹنز کو ان کی مضبوط، شفیق اور مشمول کمیونٹیز بنانے کی کوششوں کے لیے اعزاز دے رہی ہے۔

جون میں، البرٹنز کوایسے نئے آنے والوں کو نامزد کرنے کے لیے مدعو کیا گیا تھا جنہیں وہ جانتے ہیں – نوجوان، خواتین، بزرگ، کاروباری، کمیونٹی بلڈرز اور دیگر – جنہوں نے البرٹنز نیو کمر ریکگنیشن ایوارڈز (Alberta Newcomer Recognition Awards) کے لیے رضاکارانہ سرگرمیوں، قیادت، اختراع، کاروبار یا تعلیمی اور پیشہ ورانہ کامیابیوں کے ذریعے البرٹا کو نوازا ہے۔ البرٹنز نے ان قابل ذکر افراد کو، جنہوں نے صوبے کو سماجی، اقتصادی اور ثقافتی طور پر ایک بہتر مقام بنانے میں مدد کی ہے، نامزد کرکے کال کا جواب دیا ۔

"البرٹا کو جدت پسندوں، کاروباری افراد اور معماروں کے خوابوں اور محنت پر بنایا گیا تھا۔ ہماری ترقی جاری ہے کیونکہ ہمارا صوبہ مزید لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے جو ہمارے یہاں موجود مواقع اور اعلیٰ معیارکی زندگی کی تلاش میں ہیں۔ ہر ایوارڈ حاصل کرنے والے کو مبارکباد اور اپنے جذبے، اپنی صلاحیتوں اور اپنی مہارتوں کو ہمارے ساتھ بانٹنے اور اپنی کمیونٹیز اور اپنے صوبے کو مضبوط کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔"
ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر(Danielle Smith, Premier)

نامزدگیوں کی جانچ اس معیار پر کی گئی جیسے نامزد کی مجموعی شراکت، ان کے اعمال نے کس طرح ضرورت کو پورا کیا اور دوسروں کو متاثر کیا، اور انہوں نے قیادت کا مظاہرہ کیسے کیا۔ اہل ہونے کے لیے، نامزد افراد کی پیدائش کینیڈا سے باہر ہونی ضروری ہو ، لیکن اب وہ مستقل رہائشی یا کینیڈا کے شہری ہوں۔

"میں تمام وصول کنندگان کو اپنی مخلصانہ مبارکباد کا اظہار کرنا چاہتا ہوں۔ وہ ایک نئے ملک اور زبان کے چیلنجز کو اپنا کر ہماری کمیونٹیز میں بہت زیادہ مثبت تبدیلی لائے ہیں۔ چاہے وہ البرٹا میں کئی سالوں سے رہے ہوں یا صرف چند سالوں سے، ان تمام افراد نے قیمتی تعاون کیا ہے اور ہم اس کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"
محمد یاسین، منسٹر آف امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرلزم (Muhammad Yaseen, Minister of Immigration and Multiculturalism)

"البرٹا نیوکمر ریکگنیشن ایوارڈ(Alberta Newcomer Recognition Award) صرف ایک اعزاز ہی نہیں ہے، یہ البرٹا کو ایک بہتر جگہ بنانے کے لیے میرے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ، ایک نئے آنے والے کے طور پر، میں اپنے نوجوانوں، تنظیموں اور کمیونٹیز کو بہتر بنانے کے لیے خود کو وقف کر کے ایک بامعنی اثر ڈال سکوں۔"

ہیریئٹ ٹنکا، وصول کنندہ، انٹرپرینیوریل اسپرٹ ایوارڈ (Harriet Tinka, recipient, Entrepreneurial Spirit Award)

Alberta

خبروں کا اعلامیہ

ایوارڈز، جو پہلی بار 2022 میں پیش کیے گئے، البرٹا کی حکومت کا صرف ایک طریقہ ہے جو تنوع اور کثیر الثقافتی کی حمایت کرتا ہے۔

فوری حقائق

- 2023 کے ایوارڈ کے زمرے:
  - کیریئر اور تعلیمی شراکت (areer and Academics Contribution)
  - کاروباری اسپریٹ (Entrepreneurial Spirit)
  - مشمول کام کی جگہیں (Inclusive Workplaces)
  - نئے آنے والے چیمپئن (Newcomer Champion)
  - سینئر اسپریٹ (Senior Spirit)
  - نئی آنے والی خواتین کے اثرات (Women's Newcomer Impact)
  - چھوٹی کمیونٹی کی افزائش(Small Community Enhancement
  - طالب علم کی حوصلہ افزائی (Student Inspiration)
  - نوجوان لیڈر(Young Leader)

متعلقہ معلومات

- 2023البرٹا نیو کمر ریکگنیشن اوارڈس ریسیپیئنٹس (2023 Alberta Newcomer Recognition Awards Recipients2023)

متعلقہ خبریں

- ایک ایسے نیو کمر کو نامزد کریں جس نے فرق پیدا کیا ہے (Nominate a newcomer who's made a difference) (جون 28، 2023)

میڈیا انکوائریز

سیم بلیکیٹ (Sam Blackett)
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر(Press Secretary, Office of the Premier)
sam.blackett@gov.ab.ca
587-589-6048

مائکل کواس (Michael Kwas)
پریس سیکریٹری، امیگریشن اینڈ ملٹیکلچرزم (Press Secretary, Immigration and Multiculturalism)
michael.kwas@gov.ab.ca
780-264-5368